# 17-03-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ حکومت باریک چاول کی پیداوار کرنے والے کسانوں کو فی کنٹل پانچ سو روپئے بونس فراہم کررہی ہے۔جس کی وجہ سے ایک کسان کو تقریباً 25 ہزار روپئے کا اضافی فائدہ ہورہا ہے۔

......ریاستی وزیر سیتااکان نے اسمبلی میں بات کرتے ہوئے کہا کہ سیلف ہلپ گروپ خواتین کو اب تک 57 ہزار کروڑ روپئے بلاسودی قرض فراہم کیئے گئے ہیں۔اور 1390 کروڑ روپیوں کا سود ادا کیا گیا۔

......مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے آئینی عہدے پر فائز گورنر اور اسمبلی کے اسپیکر کی موجودگی میں مجلسی ارکان اسمبلی کی جانب سے وندے ماترم گیت کے قواعد کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا۔

......حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں آنے والے تین دنوں کے دوران مختلف اضلاع میں گرج وچمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

ASSEMBLY

آج اسمبلی کا اجلاس گرما گرم دیکھا گیا۔ریاست کی معاشی صورتحال۔خواتین کو بااختیار بنانے اور کسانوں کے فلاح وبہبود کے مسائل پر حکمراں کانگریس اوراپوزیشن بی آرایس کے ارکان اسمبلی کے درمیان بحث ہوئی۔ریاست کی معاشی صورتحال پر بحث کا آغاز کرنے والے بی آرایس کے کارگذار
صدر کے ٹی راماراو نے کانگریس پرمختلف امور پرتنقید کی۔انہوں نے کہا کہ گذشتہ دس سالوں میں ملک بھرمیں ریاست کی معاشی صورتحال بہت اچھی تھی۔لیکن اب معاشی صورتحال ایک کٹی پتنگ کے طورپر تبدیل ہوئی ہے۔کے ٹی آر کے اس بیان کا نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا اورریاستی وزیر سیتااکا نے جواب دیا۔

DY CM BHATTI

نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے اسمبلی میں سابقہ حکومت کی ناکامیوں پر بات کی۔اورریاستی حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے تاریخی فلاح بہبود کی اسکیموں کا ذکرکیا۔اس موقع پر نائب وزیراعلی نے کسانوں کو دھان کی پیداوار پر بونس کی فراہمی اورخواتین کو بااختیار بنانے اوراندراماں مکانات کی تعمیر پراہم اعلانات کئے۔انہوں نے کہا کہ حکومت باریک چاول کی پیداوار کرنے والے کسانوں کو

فی کنٹل پانچ سو روپئے بونس فراہم کررہی ہے۔ جس کی وجہ سے ایک کسان کو تقریباً 25 ہزار روپئے کا اضافی فائدہ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف 9 دنوں میں رعیتو بھروسہ اسکیم کے تحت 9 ہزار کروڑ روپئے کسانوں کے کھاتوں میں جمع کئے گئے ہیں۔

BYTE BHATTI

BHATTI SRIDHAR BABU

گورنر کے خطبہ تحریک کی قرارداد پر بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراو نے۔ بمیر اپوتنا۔ کے الفاظ کے ذریعہ اپنی تقریر کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیراعلی ریونت ریڈی کی جانب سے دستخط کئے گئے چھ گیارنٹیوں کی فائل دستیاب نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے چھ گیارنٹیوں پر سو دن میں عمل کرنے کے دیئے گئے وعدے پر جواب دینے کا مطالبہ کیا۔ کے ٹی آر کے اس بیان پر نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ حکومت باریک چاول۔ چھ لاکھ خاندانوں کو فراہم کررہی ہے۔ اور تقریباً بائیس لاکھ کروڑ روپیوں کی لاگت سے اندراماں مکانات تعمیر کئے جارہے ہیں۔ جو ایک تاریخی اقدام ہے۔

Byte bhatti

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس پارٹی ایک قومی پارٹی ہے جو ایک ذمہ دارانہ رول ادا کررہی ہے۔

Byte sridhar babu

ASSEMBLY SITTAKKA

ریاستی وزیر سیتااکا نے اسمبلی میں بات کرتے ہوئے کہا کہ سیلف ہلپ گروپ خواتین کو اب تک 57 ہزار کروڑ روپئے بلاسودی قرض فراہم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہزار تین سونو دکروڑ روپئے سود ادا کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے لئے حکومت کام کررہی ہے۔ سابقہ بی آر ایس کی حکومت خواتین کو دیئے جانے والے تین ہزار کروڑ روپیوں کو ادا نہیں کی۔ اور انہوں نے ابھیائے ہستم کے فنڈ کو بھی غبن کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ وعدوں پر عمل نہ کرنے والے قائدین حکومت پر تنقید کررہے ہیں۔ ان کی تنقید زیب نہیں دیتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کی ترقی کے لئے ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

BANDI SANJAY

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے آئینی عہدے پر فائز گورنر اور اسمبلی کے اسپیکر کی موجودگی میں مجلسی

ارکان اسمبلی کی جانب سے وندے ماترم گیت کے قواعد کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے اس واقعہ پر افسوس کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2026 میں مرکزی حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے احکامات کے مطابق سرکاری پروگراموں میں وندے ماترم لازمی ہے جبکہ اس کی توہین کرنے والے مجلس کے ارکان اسمبلی کو کیوں نوٹس جاری نہیں کی گئی۔ اس پر حکومت اور اسپیکر سے سوال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجلس ۔کانگریس کی حلیف جماعت ہونے کی وجہ سے حکومت کاروائی کرنے میں ٹال مٹول کی پالیسی اختیار کررہی ہے۔

INDIA POST

انڈیا پوسٹل محکمے کی جانب سے آج تین نئے خدمات کا آغاز کیا گیا۔-24۔اسپیڈ پوسٹ۔48۔اسپیڈ پوسٹ۔24۔اسپیڈ پارسل کے نام سے ان تینوں خدمات کا مرکزی وزیر مواصلات جویتر آدتیہ سندھیا اور مملکتی وزیر چندراشکھر پیماسانی۔ نے آج دہلی کے آکاشوانی بھون میں اس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر دہلی۔حیدرآباد۔بنگلور۔ممبئی میں پہلی بکنگ بھی قبول کی گئی۔ورچول طریقے سے منعقد ہوئے اس پروگرام میں تلنگانہ پوسٹل سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل کی قیادت میں حیدرآباد کنگ کوٹھی کے بھارتیہ ودیا بھون میں اس کا مشاہدہ کیا گیا۔ پہلے مرحلے میں چھ میٹرو شہروں میں یہ خدمات عوام کے لئے دستیاب ہوئے ہیں۔اس موقع پر مرکزی وزیر سندھیا نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی پوسٹل کا شعبہ نے بڑھتی ہوئی ٹکنالوجی کے دور میں اپنی خدمات کو بھی جدید بنایا ہے۔

Byte jyotri

جبکہ مملکتی مرکزی وزیر چندراشکھر پیماسانی نے کہا کہ نئی خدمات میں۔اوٹی پی۔ٹریکنگ۔اور جی او ٹریکنگ سسٹم دستیاب ہے۔

Byte chandra shekar

حیدرآباد میں منعقد ہوئے پروگرام میں تلنگانہ چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ڈاکٹر وینا کماری۔حیدرآباد پوسٹ مارسٹر جنرل سمیتا ایودھیا۔ہیڈکوارٹر پوسٹ ماسٹر جنرل وشالکشی اور دیگر نے شرکت کی۔

TUMMA IGRICULTURE

ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو نے کہا کہ قومی ماحولیاتی زراعت کے میشن کے تحت تلنگانہ میں ماحولیاتی زراعت کی حوصلہ افزائی کا حکومت آغاز کرچکی ہے۔آج انہوں نے سکریٹریٹ میں منعقد کئے گئے ایک پروگرام کے ذریعہ رنگاریڈی ضلع سے تعلق رکھنے والے کسانوں کو خصوصی فارمرکٹس کو پیش کرتے ہوئے ریاست بھر میں اس کا آغاز کیا۔اس موقع پر ٹی ناگیشور راو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کیمیائی ادویات اور کیڑے مارادویہ کے زیادہ استعمال سے انسانی صحت پر اس کے نقصاندہ اثرات مرتب ہورہے ہیں۔اور جس کی وجہ سے انسانی صحت کو نقصان پہونچ رہا ہے۔کینسر۔جیسی دیگر بیماری لاحق ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی زراعت ہی کسانوں اور سماج کے لئے فائدہ بخش ثابت ہوگا۔

PONAMPRABHAKAR

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ معاشی اور سماجی ترقی میں ٹرانسپورٹ کے اداروں کا اہم رول ہے۔حکومت موبائیلٹی نظام کی تعمیر کے لئے حکومت پابند عہد ہے۔حیدرآباد کے ایچ آئی سی سی۔ناوٹل ہوٹل میں آج منعقد کئے گئے سکینڈ نیشنل موبائیلیٹی سمٹ 2026 کا انہوں نے افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوامی ٹرانسپورٹ کے نظام کو مستحکم بنانے کے علاوہ الکٹریک گاڑیوں میں تیزی لانے کے لئے 2026 کے آخر تک سو فیصد روڈ ٹیکس رجسٹریشن چارجس کو معاف کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اب تک تقریباً سو کروڑ روپیوں کی لاگت کے فوائد ای وی صارفین کو پہونچائے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسمارٹ ٹکنالوجی۔میٹرو کنیکٹیوٹی۔کلین لاسٹ میل۔

موبائلیٹی کے ذریعہ شہری ٹریفک کو کم کرنے کے لئے حکومت توجہ دے رہی ہے۔

HARISH RAO LETTER

بی ار ایس کے لیڈر و سابق وزیر ہریش راو نے سدی پیٹ کی ترقی کے لئے سابقہ حکومت کی جانب سے منظور کئے گئے ایک ہزار 70 کروڑ کے فنڈ کو بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیر اعلی ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا۔ انہوں نے ریونت ریڈی کی جانب سے وزیر اعلی کا عہدہ سنبھالنے کے 27 مہینوں کے بعد پہلی بار سدی پیٹ کو آنے پر وزیر اعلی کا استقبال کرنے کا اعلان کیا۔ اور اسمبلی حلقہ کی ترقی کے لئے حکومت کی جانب سے اختیار کئے جانے والے امتیازی سلوک پر ناراضگی جتائی۔ انہوں نے کہا کہ سابق میں منظور کئے گئے فنڈ کی منسوخی کی وجہ سے گذشتہ دو سالوں سے ترقیاتی کاموں میں روکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔ انجام دیئے گئے کاموں کو بھی بل جاری نہ کرنا قابل افسوس ہے۔ انہوں نے زیر التواء کاموں کو فوری طور پر شروع کرتے ہوئے فنڈ جاری کرنے کی مانگ کی۔

BJP RAMCHANDAR RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رامچند رراو نے کہا کہ بی جے پی کے قومی صدر نیتین نابین کے بہار سے راجیہ سبھا کے لئے منتخب ہونے پر پورے ملک بھر میں بی جے پی کے قائدین اور کارکنوں میں جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنکی پور سے پانچ مرتبہ رکن اسمبلی کے طور پر منتخب ہونے والے نیتین نابین کو اسمبلی اڈمنسٹریشن کا اچھا تجربہ حاصل ہے۔

GOVT WHIP

گورنر کے خطبہ کے اظہار تشکر کی تحریک کو دیوارکنڈہ کے رکن اسمبلی بالو نائک نے پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں ڈرگس کی روک تھام کے لئے حکومت ایگل ٹیم کے ذریعہ کوشش کررہی ہے۔ پوری سنجیدگی کے ساتھ چھ گیارینٹوں پر عمل کرنے کا اعزاز کانگریس کو حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر کے خطبہ اظہار تشکر کے موقع پر اسمبلی کو نہ آنے والے اپوزیشن لیڈر کے سی آر کو تاریخ میں یاد رکھا جائے گا۔ جبکہ ویملواڑہ کے رکن اسمبلی و گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس اور دیگر نے گورنر کے خطبہ اظہار تشکر پر اسمبلی میں بات کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والی فلاحی اسکیمات تمام طبقات کو فائدہ مند ثابت ہورہی ہیں۔

BJP PROTEST

تلنگانہ بی جے پی کے ارکان اسمبلی نے ریاست میں فصل بیمہ اسکیم پر فوری عمل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اسمبلی کے قریب احتجاج کیا۔ بشیر باغ سے ٹھیلہ بنڈیوں کے ساتھ پدایاترا کے طور پر وہ تلنگانہ یادگار شہیداں گن پارک پہونچے۔ وہاں پولیس نے ان کو روک دیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنی یادداشتوں کو اپنے سر پر رکھتے ہوئے ایک انوکھا احتجاج کیا۔ اسمبلی کے اندران یادداشتوں کو پولیس نے اجازت نہیں دی۔ جس پر ارکان اسمبلی نے برہمی کا اظہار کیا۔ جب کہ اسمبلی کے احاطے میں پولیس نے ارکان اسمبلی سے ان یادداشتوں کو لے لیا۔ پولیس کے اس رویے پر ارکان اسمبلی نے ناراضگی ظاہر کی۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں آنے والے تین دنوں کے دوران موسمی تبدیلیاں آئیں گی۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آج ریاست کے مختلف اضلاع میں گرج وچمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔18اور19 اتاریخ کو ریاست کے مختلف اضلاع میں گرج وچمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان پایا جاتا ہے۔ بارش کی وجہ سے ریاست بھر میں اقل ترین درجہ حررات 3 تا4 ڈگری کم ہونے کا امکان ہے۔

TUMMAL NAGESHWAR RAO

ریاستی وزیرٹی ناگیشورراو نے کہا کہ حکومت نے بھدراچلم مندر کی ترقی کے لئے تقریباً تین سوکروڑ روپیوں کی لاگت سے کاموں کا آغاز کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں پہلے مرحلے میں تقریباً سوکروڑ روپیوں کی لاگت سے کئے جانے والے کاموں کا بھدراردری۔ پارکارم ۔تعمیر کے کاموں کا سری نومی کے موقع پر وزیراعلی ریونت ریڈی کے ہاتھوں سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔انہوں نے سری نومی کے موقع پر وزیراعلی ریونت ریڈی کے بھدراچلم دورے کے موقع پر انتظامات کے سلسلے میں کلکٹر کو واضح ہدایات بھی جاری کیں۔